رہنمائے والدین برائے ELPT CONNECT

جبکہ سکول اور طلبہ انگریزی زبان میں مہارت کے متبادل ٹیسٹ (ELPT Connect) کے لیے اپنی حتمی تیاریوں کا آغاز کر رہے ہیں، لوایزیانہ محکمۂ تعلیم (LDOE) نے والدین کو ٹیسٹ سے متعلق عمومی معلومات فراہم کرنے اور اس امر کی آگاہی کے لیے کہ آپ اور آپ کا بچہ ٹیسٹ دیتے ہوئے کیا توقع کر سکتے ہیں، یہ پرچۂ حقائق تشکیل دیا ہے۔

ٹیسٹ کو جانیں

انگریزی زبان میں مہارت کا متبادل ٹیسٹ: ELPT CONNECT

کے-12 جماعتوں میں اندراج شدہ جن طلبہ کی شناخت طلبۂ انگریزی (EL's) کے طور پر کی گئی ہے، وہ ELPT دیتے ہیں۔ یہ آن لائن جانچ، وقت سے مشروط نہیں ہوتی، اور زبان کے درج ذیل چار شعبہ جات میں ایک طالبِ علم کی مہارت کی پیمائش کرتی ہے:

- پڑھنا
- لکھنا
- بولنا
- سننا

ELPT Connect نمایاں ذہنی معذوریوں کے حامل ایسے طلبہ کی انگریزی زبان میں مہارت کا اندازہ لگاتا ہے جو سال بہ سال پیش رفت کرتے ہوئے EL's میں شمولیت کے معیار پر پورا اترتے ہیں۔ پیش رفت کی پیمائش، جماعت کے موافق کارکردگی کی مطابقت سے ازسرِ نو درجہ بندی، اور اس امر کے تعین کے لیے کہ کون سے سکول EL's کے لیے احتسابی اہداف پورا کر رہے ہیں، ELPT Connect نئی ٹیکنالوجی اور جدید طریقے استعمال کرتا ہے۔

نتائج کسی طالبِ علم کی انگریزی سطحِ مہارت کے تعین اور اس امر کے فیصلہ کے لیے استعمال ہوں گے کہ طالبِ علم کو بنیادی مواد کی کلاسز کے لیے زبان سے متعلق کون سی سہولیات اور معاونت درکار ہوں گی۔

آن لائن امتحانات کا شیڈول: فروری 19-مارچ 22، 2024

سکولز اس عرصہ کے دوران آن لائن امتحانات کے انتظام کے لیے ترتیب کا تعین کرتے ہیں؛ لہٰذا امتحانات کے ایّام اور نشستوں کی گردش سکول کے مطابق مختلف ہوں گے۔

امتحان کی تیاری

جانیں کہ آپ کا بچہ کیا سیکھ رہا ہے

اپنے طالبِ علم کے جماعت کی سطح کے لیے سیکھنے کی توقعات جاننے کے لیے متبادل لوائزیانہ کنکٹرز برائے انگریزی طلبہ پر ایک نظر ڈالیں متبادل لوائزیانہ کنکٹرز برائے انگریزی طلبہ۔ متبادل لوائزیانہ کنکٹرز برائے انگریزی طلبہ، زبان اور تعلیمی مواد کے حصول کے درمیان ایک رابطہ فراہم کرتے ہیں۔ متبادل EL Connectors زبان کے اہم پہلوؤں، زبان سے متعلق علم، اور تعلیم کے ہر کورس میں قابلیتیں پیدا ہونے کے ساتھ ساتھ EL's کو درکار زبان استعمال کرنے کی مہارتیں اجاگر کرتے اور ان میں اضافہ کرتے ہیں۔ متبادل EL Connectors طلبہ کو کمرۂ جماعت میں مؤثر طور پر شرکت کے قابل بنانے اور ہر مضمون کے لیے ضروی، زبان کی مہارت پیدا کرتے ہوئے انہیں پڑھنے، لکھنے، ریاضی اور سائنس کی سرگرمیاں کرنے کے مواقع فراہم کر کے اس قابل بناتے ہیں کہ وہ مقامی انگریزی بولنے والوں کے ساتھ ایک ہی تعلیمی مواد اور نصاب میں شرکت کر سکیں۔

آپ کے بچے کی معاونت کے دیگر طریقے:

- اپنی مقامی لائبریری سے جا کر آڈیو بکس لینا۔
- اپنے بچے کے سکول میں والدین-اساتذہ ملاقات میں شرکت کرنا۔
- انگریزی موسیقی سننا یا ٹیلی ویژن دیکھنا۔

کارآمد لنکس

- متبادل لوائزیانہ کنکٹرز برائے انگریزی طلبہ
- ELPT Connect آن لائن ٹولز تربیت

جانچ کے تمام وسائل تک آن لائن رسائی کے لیے وزٹ کریں فیملی سپورٹ ٹول باکس۔



اس جانچ یا ریاست بھر میں کسی بھی دیگر جانچ سے متعلق مزید معلومات کے لیے اپنے بچے کے/کی پرنسپل یا معلّم سے بات کریں، یا assessment@la.gov پر محکمہ کو ای میل کریں۔

اس مواد میں موجود ہائیپرلنکس تک رسائی کے لیے یہ QR Code سکین کریں۔

LOUISIANA DEPARTMENT OF EDUCATION